# ناولز کی دیوانی

## ازقلم حُسنِ کنول

## مکمل ناول

ناول بینک ویب پر شائع ہونے والے تمام ناولز کے جملہ و حقوق بمعہ مصنفہ کے نام محفوظ ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جا سکتی ہے۔ اگر آپ اپنی تحریر ناول بینک پر شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے ہمیں سینڈ کردیں۔ آپ کی تحریر ناول بینک ویب پر شائع کردی جائے گی۔

E-mail : pdfnovelbank@gmail.com
WhatsApp : 92 306 1756508

ناول بینک انتظامیہ

وہ حسنِ سراپا جب محفل میں آئی ی تو سب کی نظریں اسی پر ٹک گ ئی یں۔۔۔۔۔۔۔وہ دیوانا بھی انھی میں کھڑا اسے سر سے پاؤ ں تک بغور دیکھ رہا تھا۔۔۔۔اس حسن سراپا نے لاپرواہی کا مظاہرہ کیا اور اس دیوانے کو دیکھ کر بھی آن دیکھا کر دیا۔۔۔۔

یہ کوئی ی پہلی بار نہ تھا۔۔۔اس ل ئی ے وہ دیوانا خود کے یوں اگنور ہونے کو خاطر میں نہ لایا۔۔۔۔۔۔۔

"بریانی کھائی یں گی آپ؟؟" وہ لڑکا جو اٹھ کر پانی نہ پیتا ہو۔۔۔اس حسنِ سراپا کے اردگرد طواف کر رہا تھا۔۔۔۔بریانی کی پلیٹ ہاتھ میں پکڑے اس کے وجود کو تکتے ہوئے استفسار کرنے لگا

اس نے ایک سرسری سی نظر اس حسین و خوبرو نوجوان کی جانب کی۔۔۔۔۔جو اس کے دلفریب وجود کو دیوانوں کی طرح تک رہا تھا۔۔۔۔

"برتن کب دھوگ ئی؟؟" اچانک اس حسین لڑکے کی آواز بھاری بھاری محسوس ہوئی ی---

"کیا؟؟" وہ الجھی نگاہ سے اسے دیکھ بولی---

"میں پوچھ رہی ہوں ---کب تک سوئی ی پڑی رہو گی ؟؟--- ڈھیرو برتن پڑیں ہیں کچن میں -----اٹھو جاکر دھو-----نکمی کہیں کی----یا تو ناول پڑھتی رہے گی ---یا سوتی رہے گی--اور تو کوئی ی دوسرا کام ہی نہیں ہے اسے زندگی میں "لاریب بیگم کب سے اسے آواز لگا رہی تھیں---اب تو انھوں نے ہاتھ پکڑ کر زبرستی کھینچتے ہوئے اٹھاکر ہی بیٹھا دیا تھا----

افففف۔۔۔آپ اور آپ کے کام ۔۔۔ ختم ہی نہیں ہوتے کبھی۔۔۔۔"حریمین منہ بسورے بول رہی تھی۔۔۔

"خدا کا خوف کر لڑکی۔۔۔۔دوپہر کے دو بجے تک سوئی ی پڑی ہے۔۔۔۔اور یہ کام خوش نصیبوں کو ملتا ہے۔۔۔اس پر منہ نہ بگاڑا کر۔۔۔۔"لاریب بیگم نے روز کی طرح اسے سنانا شروع کردیا تھا۔۔۔۔جس پر وہ انگلی کان میں ڈال کر ہلانے لگی۔۔۔۔لاپرواہی کا مظاہرہ کرتے ہوئے وہ اٹھ کھڑی ہوئی ی۔۔۔۔

"امی اس سے کہیں میرے ل ئے ایک پرھاٹا بھی بنادے" شعیب ملتی انداز میں لاریب بیگم سے کہنے لگا۔۔۔جس پر حریمین نے اسے گھوری سے نوازنا شروع کردیا تھا۔۔۔

"امی دیکھ ئیں ۔۔۔ حریمین کی بچی مجھے آنکھیں دیکھا رہی ہے"شعیب ڈرنے کی اداکاری کرتے ہوئے شکایت لگانے لگا۔۔۔

حرمین----"لاریب بیگم غراتے ہوئے بولیں---"

"ہائے---اللہ----اگر میری آنکھیں اتنی بڑی بڑی ہیں ---تو اس میں میرا کیا قصور--"وہ اپنی آنکھیں ٹم ٹماتے ہوئے بولی-----"میں تو صرف اس لیے دیکھ رہی تھی--تا کے پوچھوں ---اپنے پیارے چھوٹے اور موٹے بھائی ی سے ---کے پرھاٹے کے ساتھ انڈے بھی بنادوں کیا ؟؟؟" وہ دانت پیستے ہوئے ---چہرے پر مصنوعی مسکراہٹ سجائے گویا ہوئی ی----

"بیٹا--ماں ہوں تیری-----زیادہ ہوشیاری نہ کر----چل جلدی جا----اور اب ایک نہیں-----دو تین پرھاٹے بنادینا----تیرا باپ بھی آتا ہی ہوگا--وہ بھی گرم گرم کھا لے گا------"لاریب بیگم نے چھوٹی آنکھیں کرتے ہوئے اسے ورن کیا

تھا۔۔۔ساتھ ساتھ دو پرھاٹے مزید اس نکمی لڑکی کی جان پر زیادہ کر ڈالے تھے۔۔۔۔جس پر وہ پاؤں پٹکتی ہوئی ی کچن کی جانب چل دی تھی۔۔۔۔

"ہائےئے۔۔۔۔کتنا خوبصورت ہیرو تھا میرا۔۔۔۔اور مزے کی بات یہ تھی کے میں پھر بھی اسے گھاس نہیں ڈال رہی تھی۔۔۔۔ویسے خواب میں ۔۔۔اس لال میکسی میں ۔۔۔میں تو کوئی ی شہزادی لگ رہی تھی۔۔۔۔اللہ اللہ ۔۔۔امی نے جگا دیا۔۔۔ورنہ بریانی تو کھا ہی لیتی۔۔۔۔دیکھنے میں تو بڑی مزے دار لگ رہی تھی۔۔۔ ہمممم۔۔۔۔۔میرے منہ میں تو پانی آرہا تھا۔۔۔۔"حرین پرھاٹے پکاتے ہوئے ۔۔۔۔خواب کی بریانی کو یاد کر زبان ہونٹوں پر پھیرنے لگی۔۔۔اس کے منہ میں مسلسل پانی کی آمد جاری تھی۔۔۔۔

"کام کام کام ۔۔۔۔دن رات کرئے حرین کام ۔۔۔"وہ برتن دھوتے ۔۔۔۔۔دوہایاں دیتی جارہی تھی۔۔۔۔

"یہ لو ---میں نے برتن بھی دھو دی ئی ے ---دودھ بھی ابال لیا---کچن میں دھو دیا---ابا کے پرھاٹے بھی پکا دی ئی ے---اور اس موٹو شعیب کا انڈا بھی---اب مجھے نکمی مت کہنا---ہاں نی تو---سارے کام بھی کروالیتی ہیں---اور نکمی بھی بولتی رہتی ہیں---"وہ لاریب بیگم کو فخرانہ اپنے سارے کام گنوا کر---آخر میں بڑبڑاتے ہوئے بولی----

"اتنے کام کرنے کے بعد--تیری نازک کمر میں درد تو نہیں ہوگیا؟؟" لاریب بیگم نے طزیہ استفسار کر کے حرین کے مرچیں لگائی یں تھیں----جس پر وہ تلملا اٹھی----

"میری اس نازک کمر کو بچپن سے عادت ہے ----"وہ بھی اینٹ کا جواب پتھر سے دیتے ہوئے---شیرنی بھرے لہجے میں گویا ہوئی ی---

"ہائے-----بچپن سے؟؟-----میٹرک پاس کرنے کے بعد تو--تو نے پہلی بار کچن کا دیدار کیا تھا---بڑی آئی ی بچپن والی---"

"اماں---تم ٹھیک ہو---کام بھی سارے کروالیتی ہو---اور مانتی بھی نہیں ہو---"حرمین ایک ہاتھ کمر پر ٹکا----اور دوسرا ہاتھ نچاکر بولی----

"اوروں کی بیٹیاں دیکھ---تیری عمر میں پورا گھر سمبھال رہی ہیں---اور تو---دوپہر دو بجے تک----- اوندھے منہ پڑی--- سوتی رہتی ہے----"لاریب بیگم تو اب روایتی ماؤں کی طرح ذلیل کرنے پر اتر آئیں تھیں----جس پر حرمین تکنی کا ناچ--- ناچ رہی تھی---

"اووو۔۔۔۔اللہ جانے کہاں ہیں ایسی لڑکیاں۔۔۔مجھے کیوں نظر نہیں آتیں۔۔۔۔۔ویسے اماں آپس کی بات ہے۔۔۔ تم مجھے شکر ادا کرنے کا کہتی ہو۔۔ اور خود کتنی ناشکری والی باتیں کرتی ہو۔۔۔۔۔"حرمین کے کہتے ہی لاریب بیگم بھڑک اٹھی تھیں۔۔۔۔

"تو رک۔۔۔۔تجھے تو میں ابھی بتاتی ہوں۔۔۔"یہ کہ کر لاریب بیگم نے اپنی چپل کی جانب ہاتھ بڑھایا۔۔۔حرمین سمجھ چکی تھی۔۔۔۔اب آگے کی بات صرف لاریب بیگم کی چپل سے ہوگی۔۔۔وہ برق کی پھرتی دیکھاتے ہوئے اپنے کمرے کی جانب دوڑی۔۔۔

"رک تو۔۔۔نکمی ۔۔۔"لاریب بیگم اسے بھاگتا ہوا دیکھ پیچھے سے آواز لگاتے ہوئے بولیں۔۔۔لیکن وہ چڑیا تو پھُر ہوچکی تھی۔۔۔

"یہ ٹھیک ہے---جب تک خود کا پلہ بھاری ہو--بات کرتی ہیں---جیسے ہی میرا پلہ بھاری ہونے لگتا ہے----اپنی چپل بیچ میں لے آتی ہیں---"وہ منہ بسور کہتی ہوئی ی بیڈ پر بیٹھی تھی----

ابھی وہ منہ ہی منہ بڑبڑا ہی رہی تھی کے سیل میں نوٹیفیکیشن کی رنگ ہوئی ی---

"آہ---میرے ناول کی قسط آگ ئی ی---اللہ---کتنا انتظار کراتے ہیں یہ ظالم رائیٹرز---انھیں کیا خبر---کیسے ہم گھڑی اور سیل کے نوٹیفیکیشنز کو دیکھ دیکھ کر وقت گزارتے ہیں-----اللہ کرئے--آج تو حسنِ کنول نے زرمین کی حقیقت قسط میں ڈالی ہو----مجھ سے اور سسپنس برداشت نہیں ہو رہا---"حرمین سیل پر ناول کی قسط کا نوٹیفیکیشن دیکھ خوشی سے دو دو فٹ اچھل کر بولی تھی----

اووو۔۔۔مزے دار۔۔۔۔"پوری پانچ چھ ہزار کی ایپی وہ ناول دیوانی دو تین منٹ میں" چاٹ گ ئ ی تھی۔۔۔۔

یہ تو ختم۔۔۔افففف۔۔۔۔پورے دن انتظار کرنے کے بعد اتنی سی ایپی ۔۔۔اب" یار۔۔۔۔اب پھر انتظار کرؤ۔۔۔۔۔۔ابھی کمنٹ میں لکھتی ہوں۔۔۔تھوڑی لمبی ایپی دے دیا کریں۔۔۔ہم بیچارے ریڈرز پر کچھ تو رحم کریں۔۔۔اتنی سی ایپی۔۔۔۔مطلب پورے 24 گھنٹے انتظار کرنے کے بعد صرف دو منٹ کی ایپی ۔۔۔۔۔۔۔یہ بہت ناانصافی ہے ۔۔۔حُسنِ کنول۔۔۔بہت۔۔۔۔"اس نے رائی ٹر کے کمنٹ باکس میں اپنا پُرزور احتجاج ریکارڈ کروایا تھا۔۔۔۔

اس کے کمرے کی سائٹ دیوار پوری ناولز سے سجی ہوئ ی تھی۔۔۔ جنھیں دیکھ دیکھ کر ۔۔۔وہ دیوانی جیتی تھی۔۔۔۔۔

وہ ابھی ایک ہاتھ سے چائے پینے اور دوسرے ہاتھ سے سیل پر ناول ریڈ کرنے میں مصروف تھی ۔۔۔کے اچانک دروازہ نوک ہوا۔۔۔پہلے تو دو تین بار اسنے مکمل اگنور کیا ۔۔۔لیکن پھر جب کچن سے لاریب بیگم کے چیخنے کی آواز کانوں کی سماعت سے ٹکرائی تو وہ چائے کا کپ منہ بسور کر ٹیبل پر رکھ ۔۔۔سیل ہاتھ میں پکڑے ۔۔۔۔نظریں اپنے ناول پر ٹکائے ۔۔۔اپنی ناول کی دنیا میں مگن دروازہ کھول کر اندر آگ ئی ی۔۔۔۔وہ اس قدر ناول کے سحر میں جکڑئی ی تھی۔۔۔دروازے پر کون آیا ہے ۔۔۔اُس ناول دیوانی نے اس بات کو جاننے کی زحمت ہی نہ کی۔۔۔۔

ارشمان مسکراتا ہوا ۔۔۔اس کے پیچھے پیچھے چلنے لگا۔۔۔۔۔یہ پہلی بار نہیں تھا کے اس نے بغیر نام پوچھے دروازہ کھولا ہو۔۔۔۔۔

" مامی ۔۔۔اس ناول دیوانی سے دروازہ کھولنے کی زحمت مت کروایا کریں۔۔۔۔۔باہر دروازے پر ہی چابی لٹکادیں۔۔۔جو آنا چاہے خود ہی دروازہ کھول کر آ جائے۔۔۔۔کیونکے

نام پوچھنے کی زحمت تو یہ دیوانی ویسے بھی نہیں کرتی---"ارشمان نے گھر میں داخل ہوتے ہی لاریب بیگم سے حریمن کی شکایت لگائی ی تھی---مانو جنگ کا اعلان ہوگیا تھا---اس کی طنز بھری باتیں سنتے ہی حریمن نے مجبورا سیل سے نگاہ ہٹاکر---کھاجانے والی نگاہوں سے ارشمان کی جانب دیکھا تھا--- جس پر وہ بڑی مشکل سے اپنی ہنسی دبانے کی کوشش کر رہا تھا----

"یہ کیا سن رہی ہوں میں ----"لاریب بیگم دانت پیستی ہوئی ی اس کی کلاس لینے آئی یں تھیں----

"ارے اماں --- تم بھی کس کی سن رہی ہو----اصل میں ناں ---دروازے سے باہر ہی مجھے سستے پرفیوم کی خوشبو آگئ تھی----اس ل ئی ے میں نے نام پوچھ کر اپنی زبان کو زحمت نہیں دی---"وہ حریمن تھی --- شاید بھول گیا تھا ارشمان----اک ہی باری میں ٹکا کر ذلیل کر دیا تھا اس نے-----اتراتے ہوئی ے منہ چڑھاکر ----ٹیبل

پر جھک کر اپنا چائے کا کپ اٹھاکر ابھی ایک قدم چلی ہی تھی کے ارشمان نے راستے میں ہاتھ حائل کر دیا۔۔۔۔۔

"کہاں؟؟۔۔۔۔پڑھانے آیا ہوں میں "ارشمان نے جب اپنے آنے کی اصل وجہ بیان کی تو حرمین نے اپنا دل تھاما تھا۔۔۔جو پڑھائی کا نام سنتے ہی زور زور سے احتجاج میں دھڑکنا شروع ہوگیا تھا۔۔۔۔

"ہیں؟؟" حرمین نا سمجھی نگاہوں سے کھڑوس کو دیکھنے لگی۔۔۔گویا اس نے دنیا کی کوئی انوکھی بات بیان کر دی ہو۔۔۔ جسے سمجھنے میں اسے کافی دقت پیش آرہی ہو۔۔۔

"کیا ہیں؟؟" ارشمان ابرو اچکاکر۔۔۔"چلو۔۔پڑھنے بیٹھو۔۔۔"وہ کہتے ہوئے آرام سے صوفے پر بیٹھ گیا۔۔۔جب کے حرمین دھڑکتے دل کے ساتھ۔۔۔منہ لٹکائے اسے دیکھنے لگی۔۔۔۔

اس کھڑوس کو کوئی ی کام دھندا نہیں ہے کیا؟؟-----"وہ منہ ہی منہ بڑبڑائی ی "
-----لیکن مقابل کے کان کافی تیز ہیں ---اس بات سے واقف نہیں تھی وہ
بیچاری---

بہت کام ہیں ---سب چھوڑ کر صرف ماموں کے کہنے پر تمھیں پڑھانے آیا "
ہوں---وہ چاہتے ہیں فرسٹ ایئر کی طرح سیکنڈ ایئر بھی میں ہی تمھیں
پڑھاؤں------"ارشمان نے اکڑ کر جواب دیا تو اس بیچاری کا منہ کلیجے کو آگیا----وہ
روتو سہ چہرہ بنا کر ------"اب تو میں گ ئی ی---اللہ---بچالے اس کھڑوس
سے----یہ ظالم بڑے ٹیسٹ لیتا ہے----یاد کرا کرا کے مار دیتا ہے----میں ننھی سی
جان اس ظالم کے ہاتھوں پھر ایک بار ذلیل ہونے والی ہوں---اب یہ ستمگر مجھے ٹکا ٹکا
کر ذلیل کرئے گا---اور مجھ معصوم کو بغیر منہ کھولے ---بغیر جوابی کاروائی ک ئی یے

---چپ چاپ سہنا پڑے گا-----ہائےئےئے---اللہ---"حرمین دوہایاں دینا
اسٹارٹ ہو گئی تھی---

جیسے سن ارشمان کے چہرے پر پیاری سی مسکراہٹ بکھر آئی ی تھی-----

اگر یہ ڈرامے ہوگ ئی ے ہوں تو بکس لے آؤ جلدی---آج سے اسٹڈی اسٹارٹ "
کریں گے---"اس کے کہتے ہی لاریب بیگم سوچ میں پڑھ گ ئی یں---

"ارے بیٹا---اک کام کرؤ --- تم اگلے ہفتے سے اِسے ٹیوشن پڑھانے آ جانا------ "

کیوں مامی ؟؟-"ارشمان تجسس سے ---- "

کیونکے بیٹا ابھی تم پڑھائی اسٹارٹ کرو گے نہیں کہ دو دن کے بعد یہ پھر ایک ہفتے کی چھٹی کرے گی۔۔۔ ۔ تمہیں تو علم ہے۔۔۔ ہم ہر سال چھٹیوں میں پنڈی جاتے ہیں۔۔۔ ایک ہفتے رہنے کے لئے۔۔۔اس کے ماموں کے گھر۔۔۔۔۔۔۔اس ل ئ ے بول رہی ہوں۔۔۔ایک ہفتے بعد اسٹارٹ کر لینا۔۔۔" لاریب بیگم کے کہتے ہی حرمین کے چہرہ مسرت سے کھل اٹھا تھا۔۔۔۔

" اللہ اماں۔۔۔تم نے تو آج دل خوش کردیا۔۔۔قسم سے۔۔۔۔" حرمین اپنی والدہ پر پیار نچھاور کرتے ہوئے۔۔۔ جلدی سے چائے کا کپ ٹیبل پر رکھ۔۔۔۔دونوں باہیں اپنی ماں کے کندھے میں ڈال کر ان کا چہرہ چومنے لگی۔۔۔

" اتنا خوش ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔" اس نے فورا ہی حرمین کی خوشیوں کو بریک لگایا تھا۔۔۔۔"۔۔مامی۔۔۔اس نے وہاں جاکر کون سے پہاڑ کے پتھر دھونے ہیں۔۔بس بیٹھ کر ناولز ہی تو چاٹے گی۔۔۔۔۔میں اسے ٹیسٹ دے دوں گا یاد کرنے

کے ل ئی ے ---اور ساتھ ساتھ آن لائن کلاس بھی لیتا رہوں گا ---اس طرح ایک ہفتہ ضائع نہیں جائے گا------کافی تیاری ہوجائے گی پیپرز کی---"ارشمان کی بات پر لاریب بیگم کو متفق ہوتا دیکھ ----

"دل کے اراماں آنسوؤ میں بہہ گ ئی ے----"حریمن اپنی مصنوعی آنسوں صاف کرتے ہوئے بولی---

"اس کا خرافاتی دماغ مجھے پڑھانے کا کوئی ی ناں کوئی ی راستہ تلاش کر ہی لیتا ہے----اب ماموں کے یہاں بھی پڑھائی ی کرنی پڑے گی---"حریمن دل ہی دل بڑبڑا رہی تھی----بس نہیں چلتا تھا کے اس ارشمان کا خون کر ڈالے----

بیڑا غرق ہو اس آن لائن پڑھائی کا۔۔۔۔۔ آن لائن پڑھائی کے ذریعے یہ کھڑوس پھر مجھ ننھی سی جان کو ذہنی ٹوچر کرے گا۔۔۔۔" وہ مسلسل کوس رہی تھی ان تمام راستوں کو۔۔۔جو اسے پڑھائی ی کی جانب راغب کرتے ہیں۔۔۔

" ارے ہاں۔۔۔یاد آیا۔۔۔۔بھئی ی میرا نیٹ پیکچ نہیں ہوتا۔۔۔۔آپ کو تو پتا ہے ناں ارشمان ۔۔ ہمارے گھر میں

wifi

کی سہولت ہے۔۔۔لیکن اللہ جانے مامو کے گھر میں ہے یا نہیں۔۔اس ل ئی ے اماں کی رائے کو ترجیح دیں اور ایک ہفتے بعد مجھے پڑھانا اسٹارٹ کیجیے گا۔۔۔۔۔تب تک میں بھی ذہنی طور پر اس دردناک حقیقت کو قبول کر لوں گی کہ مجھے سیکنڈ ائیر بھی آپ ہی سے پڑھنا پڑے گا" وہ منہ بسور بولی ۔۔۔۔۔۔

اس کا لٹکا ہوا منہ دیکھ۔۔۔۔ ایک لمحے کے ل ئی ے لاریب بیگم کو ترس آگیا تھا۔۔۔لیکن ارشمان میاں تو کھڑوس ٹھرے۔۔۔ان پر ذرہ برابر بھی اثر نہ ہوا۔۔۔

کوئی ی مسئلہ نہیں۔۔۔ میں پیکج کرا دوں گا۔۔۔بس۔۔مگر پڑھائی ی آج سے ہی شروع کرؤ۔۔۔"ارشمان اپنی ضد کا پکا تھا۔۔۔جو ذمہ داری اس کے ذمے کردی جائے۔۔۔وہ ضرور نبھاتا تھا۔۔۔۔۔۔

چائی ے تو پی لینے دو۔۔۔۔ساری ٹھنڈی ہوگ ئی ی ہے۔۔۔"وہ سمجھ گ ئی ی تھی ارشمان سے جیتنا آسان نہیں۔۔۔۔وہ چائی ے کا کپ اٹھاتے ہوئے ارشمان کو گھوری سے نوازتے ہوئے بولی۔۔۔۔

جب کے وہ حریمین کی غصیلی نگاہوں کو مکمل اگنور کرتے ہوئے اطمینان سے پاس رکھا اخبار اٹھا کر پڑھنے لگا۔۔۔۔

اکیلے اکیلے پی رہی ہو۔۔۔شرم نہیں آتی؟؟۔۔۔تمھارے یہاں مہمانوں سے" چائے نہیں پوچھتے؟؟" اچانک حرمین کو چائے پیتا دیکھ۔۔۔اسے اپنی چائے کا خیال آیا تھا۔۔۔جس پر وہ برابر لگے صوفے پر بیٹھی حرمین کو دیکھ ٹوکتے ہوئے استفسار کرنے لگا۔۔۔۔

"شرم؟؟۔۔۔نہ بابا نہ۔۔۔۔جس نے کی شرم۔۔۔اس کے پھوٹے کرم۔۔۔۔۔۔اور رہی مہمان ہونے کی بات۔۔۔تو آپ کون سہ مہمان ہیں؟؟۔۔۔سوری پر۔۔۔ایک دن مہمان۔۔۔دو دن مہمان۔۔۔مگر تیسرے دن۔۔۔ وبالِ جان۔۔۔اور آپ تو ایک سال سے۔۔۔"ابھی حرمین انگلی کے اشاروں کے ساتھ۔۔۔۔کافی جتاتے ہوئے ارشمان کو ذلیل کر ہی رہی تھی کے لاریب بیگم غصیلی آواز میں بول پڑئی یں۔۔۔۔

حریین۔۔۔۔شرم کر۔۔۔۔ جب دیکھو زبان قینچی کی طرح چلاتی رہتی ہے۔۔۔ جتنا " زبان چلاتی ہے اگر اتنا پڑھائی میں دماغ چلا لیتی تو فرسٹ ڈویژن میں پاس ہوتی۔۔۔۔نہ میں۔۔۔۔۔چلو اٹھو فورا۔۔۔اور چائے بنا کر لاؤ۔۔۔۔"حریین اپنا کپ زور سے b کے ٹیبل پر پٹکتے ہوئے کھڑی ہوئی ی۔۔۔

کم از کم انسان باہر والوں کے سامنے ہی عزت رکھ لیتا ہے۔۔"حریین اپنی والدہ کو " دیکھ منہ بسورتے ہوئے۔۔۔ شکوتاً بولی۔۔۔۔"میری ساری عزت کا فالودہ بنا کر رکھتی ہیں آپ۔۔ ہر ایک کے سامنے۔۔۔دوسروں کی ماؤں کو دیکھیں کیسے اپنی نکمی و نالائق "بیٹیوں کی تعریف کے پل باندھ رہی ہوتی ہیں۔۔۔اور ایک آپ ہیں ۔۔۔

تو جا رہی ہے یا۔۔۔"لاریب بیگم ارشمان کا بھی خیال نہ کریں گی یہ اچھی طرح جانتی " تھی وہ۔۔۔اس ل ئی ے ان کی آدھی وارننگ پر ہی تیزی سے کچن کی جانب دوڑ گ ئی ی۔۔۔

ارشمان اس کی رفتار دیکھ زیرِ لب مسکرا رہا تھا۔۔۔۔

❀****_____*****❀

وہ کار میں بیٹھی ابھی سیل اون کر ہی رہی تھی کے کسی کا بھاری ہاتھ اس کے سر پر لگا۔۔۔وہ بغیر دیکھے ہی پہچان گ ئ ی تھی۔۔۔

کیا ہے ؟؟۔۔۔اتنی زور سے کیوں مارا۔۔۔اللہ ۔۔۔اب پورے راستے میرے سر میں درد ہوگا ۔۔۔صرف آپ کی وجہ سے۔۔۔"وہ ارشمان کو دیکھ سر مسلتے ہوئے گویا ہوئ ی۔۔۔۔

یاد سے---8 بجے آن لائن آ جانا پڑھنے--------چھٹی کرنے یا چکمہ دینے کی سوچنا بھی مت---"ارشمان نے وارننگ دینے والے انداز میں کہا---جس پر وہ دانت کچکچاتے ہوئے---

"----یاد ؟؟---آپ بھولنے دیں گے تو یاد کروں گی ناں---- الارم کلاک کی طرح بجے چلے جا رہے ہیں ہر تھوڑی دیر بعد----حد ہے یار---بندے کی زبان کی بھی کوئی اہمیت ہوتی ہے----کہہ دیا ناں--- پڑھوں گی---تو پڑھوں گی--- خود بھی ٹینشن لے رہے ہیں اور مجھے بھی دیے جا رہے ہیں----کم سے کم سفر میں تو سکون سے ناول پڑھ لینے دیں----"حریمِ جھنجھلا کر جواب دینے لگی----

"ٹھیک ہے پڑھو تم سکون سے ناولز----پر----اگر تم نے آٹھ بجے آن لائن کلاس نہیں لی---تو میں نے ماموں جان سے کہہ کر تمہارے ناولز پر بینڈ لگوا دینا ہے----"ارشمان کی دھمکی پر اس کا خون کھول گیا تھا----جوابی کاروائی کرنا چاہتی تھی

مگر ستمگر کے ہاتھ میں اس کی کمزوری تھی۔۔۔۔۔اس لئے مجبور ہوکر اثبات میں سر ہلاتے ہوئے۔۔۔ "اللہ اللہ۔۔ایسا ظلم نہ کریں مجھ ننھی سی جان پر۔۔۔۔۔میرے تو جینے کا سہارا ہی یہ ناولز ہیں۔۔۔ناولز پڑھے بغیر مجھے تو نیند بھی نہیں آتی۔۔۔۔پلیز۔۔ایسا ظلم نہ ڈھائے گا۔۔۔۔آپ بے فکر رہیں ۔۔۔ میں 8 بجے آن لائن ہو کر ضرور ٹیوشن لوں گی۔۔۔۔ چاہے دنیا اِدھر کی اُدھر ہو جائے" ۔۔

ناجانے کیوں اس معصوم سے چہرے والی پر آج اعتبار کرنے کا دل کر رہا تھا۔۔۔۔۔جبکے اسکی چالاک فطرت سے اچھی طرح واقفیت تھی۔۔۔۔۔۔

وہ مسکراتے ہوئے اثبات میں سر ہلاکر سب سے الوداع لے کر چلا گیا۔۔۔اس کے جاتے ہی حرمین نے ایک گہرا سانس لیا تھا۔۔۔

شکر ---بلا ٹلی-----پر پڑھنا تو پڑھے گا حرمین ---ورنہ اس کھڑوس نے ابا سے کہ کر واقعی میرے ناولز بند کروا دینے ہیں----"وہ نہ چاہتے ہوئے بھی پڑھنے پر مجبور تھی کیونکے ارشمان جاتے جاتے دھمکی ہی ایسی لگا گیا تھا---جسے ہلکا لینے کی غلطی حرمین نہیں کرسکتی تھی----

ارشمان حرمین کی پھوپھو کا اکلوتا بیٹا-----تینوں بہنوں کی آنکھوں کا تارا-----سنجیدگی اس کی شخصیت کا اہم پہلو ہے----نہایت ذمہ دار ------سانولی رنگت میں بھی وہ قیامت ڈھاتا تھا--------اچھی جسمانیت اور نہایت خوبرو -----

حرمین اور ارشمان کی ہم عمر ہونے کے باوجود کم ہی بناکرتی تھی-----

****______******

حریم کے ماموں کے تین بیٹے ہیں---تینوں ہی نہایت خوبرو نوجوان ہیں---پہلی بیوی سے ایک بیٹا ہے ---جس کا نام زوہان ہے---اور باقی دو ----دوسری بیوی سے ہیں------

زوہان ناجانے کب سے دروازے پر نگاہ ٹکائی ے بے صبری سے انتظار کر رہا تھا-----وہ لاونج میں ٹہل ہی رہا تھا---کے باہر سے گاڑی کے ہورن کی آواز اس کے کانوں کی سماعت سے ٹکرائی---جس پر اس کا دل خوشی سے جھوم اٹھا---وہ تیزی سے باہر کی جانب لپکا----

"اَلسَلامُ عَلَیکُم پھوپھو----"اس بھولی سی لڑکی کو دیکھتے ہی زوہان کی آنکھوں میں جگنو جگمگائی ے تھے----لاریب بیگم کو سلام کرتا وہ کنھیوں سے حرین کو دیکھ رہا تھا----

جو اس کی نگاہوں کی تپش سے بے خبر اپنے سیل میں مگن تھی----

موبائل پرس میں رکھ لو ۔۔۔۔۔ ورنہ اماں نے چھین لینا ہے۔۔۔" شعیب اس کے کان میں سرگوشی کرتے ہوئے زوہان سے ملنے کے لئے آگے بڑھ گیا تھا۔۔۔

" اللہ۔۔۔ اتنے مزے دار سین پر چھوڑنا پڑ رہا ہے۔۔۔۔ لیکن حریمن چھوڑ دے اس سے پہلے اماں آنکھوں سے ہی تجھے جلا دیں "حریمن نے شعیب کے کہتے ہی اپنی گردن اٹھاکر لاریب بیگم کی جانب دیکھا تھا۔۔۔ جو اسے کھاجانے والی نگاہوں سے گھور رہی تھیں۔۔۔۔

" جب کہیں جاتے ہیں ناں تو اس بلا کو پرس میں ڈال لیتے ہیں۔۔۔" حریمن نے تھوک نگلا تھا۔۔۔ وہ سیل پرس میں رکھ تیزی سے ان کے پاس آکر کھڑی ہوگئی تھی ۔۔۔ جس پر وہ دانت پیستے ہوئے آہستگی سے نصیحت کر رہی تھیں۔۔۔۔

"ہاں ہاں اماں ---ڈال لیا---وہ سین بہت مزے دار چل رہا تھا--اس ل ئے دل نہیں چاہ رہا تھا چھوڑنے کا----"وہ لچک دار انداز میں--- چہرے پر دنیا جہاں کی معصومیت سجائے گویا ہوئی----

"تیرے اس سیل کو تو میں آگ لگادوں ---اب اندر جاکر نکموں کی طرح بیٹھ مت جانا سائیڈ میں----بڑھ چڑھ کر اپنی مامی کے ساتھ کام کرنا---- سمجھی---"لاریب بیگم نے اپنے ہر بار والے تاکیدی جملے دہرائے تھے----

"مامی کے سامنے سگھڑ لڑکی بن کر رہوں گی---سارے ان کے کام بھاگ بھاگ کر کرؤں گی---- ان کے سامنے موبائل بالکل ہاتھ میں نہیں لوں گی----اووو--- آپ کی ساری نصیحتیں یاد ہیں مجھے----اس لیے دوہرانے میں وقت ضائع نہ کریں اور اندر چلیں---بے فکر رہیں --- میں آپ کی تربیت پہ ذرا انگلی نہیں اٹھانے دوں گی مامی

کو۔۔۔۔چاہے وہ دل و جان لگادیں مجھ میں نقص تلاش کرنے میں ۔۔۔"حرمین پُر اعتماد ہوکر بولی تو لاریب بیگم سر جھٹک کر آگے بڑھ گ ئی یں۔۔۔۔

حرمین کی دوسری مامی نہایت ہی خطرناک اور ایک تنگ نظر خاتون تھیں۔۔۔ان کی اپنی تو کوئی ی بیٹی تھی نہیں لیکن دوسروں کی بیٹیوں میں نقص نکالنے اور پھر اسے دوسروں تک پہچانے کا انھیں کافی شوق تھا۔۔۔۔ ۔۔۔۔انھیں لڑکیوں کی اعلی تعلیم سے بھی مسئلہ تھا۔۔۔ ان کے نزدیک لڑکیاں آجکل کالج پڑھنے نہیں بلکہ معاشقے لڑانے جا رہی ہیں۔۔۔اس ل ئی ے وہ لاریب بیگم کو اکثر اپنی ذاتی رائے یہی دیتی تھیں کہ حرمین کو کالج سے ہٹا لیا جائے اور گھر میں کام کاج کرنا سکھایا جائے۔۔۔۔۔

"آپ لوگ بیٹھیں ۔۔۔میں آپ لوگوں کے ل ئی ے چائے بناکر لاتا ہوں ۔۔۔"زوہان مسکراتے ہوئی ے کہ کر کچن کی جانب بڑھنے لگا۔۔۔

لاریب بیگم حریمین کو مسلسل آنکھیں دیکھا رہی تھیں ---لیکن وہ معصوم سہ چہرہ بنائے ----نا سمجھی سے ان کی جانب دیکھ رہی تھی----

"ابھی تھوڑی دیر پہلے ہی باہر سمجھایا تھا سائیڈ میں مت بیٹھ جانا--- کام کرنا----اٹھو جلدی---اور تم چائے بنا کر لاؤ سب کے ل ئ ے ---

"ارے یار-----اماں ابھی ابھی تو ہم آئے ہیں --- تھوڑا آرام تو کر لینے دو----"وہ روتو سہ منہ بنا کر بولی---

"تمہیں اچھا لگے گا---تمہارے ہوتے ہوئے ایک لڑکا چائے بنائے گا؟؟" لاریب بیگم اس کی سوئی ی ہوئی ی غیرت جگانے کی کوشش کر رہی تھیں--

"اس میں برا لگنے والی کیا بات ہے۔۔۔بلکے میں تو کہتی ہوں آپ شعیب کو زوہان بھائی ی کے ساتھ بھیجیں کچن میں۔۔۔اچھا ہے اس نالائق کو بھی چائے بنانی آجائے گی۔۔۔ "وہ شعیب کو منہ چڑھاتے ہوئے۔۔۔ لاریب بیگم کو اپنی قیمتی رائے دینے لگی۔۔۔۔

حرین "۔۔جس پر وہ دانت کچکچاتے ہوئے حرین کو گھورنے لگیں۔۔۔۔ "

اچھا۔۔۔بابا۔۔۔غصہ تو نہ ہوں ۔۔۔جا رہی ہوں "وہ لاریب بیگم کی غصیلی نظروں" سے ڈر کر تیزی سے اٹھ کر کچن کی جانب لپکی۔۔۔۔

ارے ۔۔۔۔آپ نے کیوں زحمت کی؟؟۔۔۔۔۔میں لا رہا ہوں چائے۔۔۔"زوہان " اسے دیکھتے ہی مسکراتے ہوئے کہنے لگا۔۔۔۔

کون کم بخت آنا چاہتا تھا۔۔۔یہ تو اماں کی آنکھوں کی نوازش ہے جو مجھے یہاں کھینچ لائی ہے۔۔۔"وہ زوہان کو دیکھ ۔۔۔منہ بسور بولی۔۔۔۔جس کے جواب میں وہ فقط فدا فدا نظروں سے اس بھولی سی لڑکی کو دیکھ مسکرانے لگا۔۔۔

چلیں تو آپ بیٹھ جائیں۔۔۔۔چائے میں خود بنالوں گا "زوہان ڈائننگ ٹیبل کی چیئر کھسکاتے ہوئے گویا ہوا۔۔۔۔

نہ بابا نہ ۔۔۔اماں نے دیکھ لیا تو آپ کے سامنے ہونے کا لحاظ بھی نہ رکھیں گی اور میری عزت کا فالودہ بنا دیں گے۔۔ سمجھا کریں۔۔۔میں آپ کے پاس کھڑے ہوکر کمپنی دیتی ہوں۔۔۔"حرمین کسی بڑی بی کی طرح ہاتھ نچاتے ہوئے بولی ۔۔۔جس پر زوہان کے چہرے پر بڑی سی مسکراہٹ بکھر آئی ی تھی۔۔۔۔

"او۔کے۔۔۔۔چھنی پاس کریں "

یہ لیں۔۔۔ویسے زوہان بھائی ی آپ کو برا نہیں لگتا لڑکا ہونے کے باوجود کچن میں کام کرنا۔۔۔۔" وہ چھنی اس کی جانب بڑھاتے ہوئے تجسس سے استفسار کرنے لگی۔۔۔

"نہیں تو۔۔۔مجھے تو بچپن سے عادت ہے۔۔۔۔"

اووو۔۔۔کاش شعیب بھی آپ پر چلا جاتا۔۔۔" وہ زوہان کو دیکھ ٹھنڈی آہ بھرتے ہوئے بولی۔۔۔۔" وہ تو ایک نمبر کا نکمہ ہے۔۔۔ہل کر پانی تک نہیں پیتا۔۔۔" وہ منہ کے زاویے بگاڑتے ہوئے گویا ہوئی۔۔۔۔

ویسے۔۔ آپ کو جب بھی دیکھتی ہوں دل میں ایک ہی خیال آتا ہے۔۔۔کے کون ہوگی وہ خوش نصیب۔۔۔جسے آپ پسند کریں گے۔۔۔۔" وہ مسکراتے ہوئے۔۔۔۔ عشق بھری نگاہ سے زوہان کو دیکھ بولی۔۔۔۔

" خوش نصیب ؟؟---واقعی؟؟----"وہ بے یقینی سے آنکھیں چلاتے ہوئے بولا--

" ہاں ---بڑی خوش نصیب ہوگی وہ---قسم سے ---"حریں پُراعتماد ہوکر تیزی سے کہنے لگی----

" ویسے ایک لڑکی پسند تو ہے مجھے ---پر ---"وہ کہتے کہتے رکا تھا---

" پر ؟؟-"وہ بےتابی سے ایک قدم اس کی جانب بڑھاتے ہوئے---

" پر وہ مجھ جسے پانچویں پاس سے شادی کیوں کرئے گی ؟؟؟----"ابھی وہ اداس ہوکر بول ہی رہا تھا کے حریں تیزی سے بیچ میں بولی---

توکیا ہوا اگر آپ پانچویں جماعت تک پڑھیں ہیں۔۔۔یقین جانیں ۔۔۔ میں تو اسے خوش نصیب ہی کہوں گی جسے آپ پسند کریں گے۔۔۔۔آپ کی اپنی دوکان ہے۔۔۔ماشاءاللہ اچھا خاصہ کما لیتے ہیں۔۔۔۔شکل و صورت میں بھی لاجواب ہیں۔۔۔۔پاگل ہوگی جو آپ کا پرپوزل ٹھکرائے گی۔۔۔۔" حریں اس کی نگاہوں کے تقاضوں سے بے خبر ۔۔۔اپنے معصومانہ انداز میں رائے دینے لگی۔۔۔۔

زوہان اس کی اپنے متعلق رائے سن دل ہی دل بڑا خوش ہوا۔۔۔

اور اگر میں کہوں ۔۔۔وہ خوش نصیب لڑکی ۔۔۔۔"ابھی زوہان اپنی دل میں چھپی فیلنگس کا اظہار کرنے ہی لگا تھا ....موقع غنیمت جانتے ہوئے۔۔۔کے لاریب بیگم حریں کو آواز دیتے ہوئے کچن میں ہی چلی آئی یں ۔۔۔۔

" کب سے آوازیں دے رہی ہوں ---کان میں ہڑتال ہے کیا ؟؟ "

"نہ--نہیں ---پر مجھے تو کوئی ی آواز نہیں آئی ی--- "

اچھا چلو تم چائے لے کر آؤ----زوہان بیٹا تم میرے ساتھ باہر آکر بیٹھو----میرا بڑا دل ہے تم سے باتیں کرنے کا---میں آپجان کر جمعہ کے دن آئی ی ہوں اس بار----کیونکے مجھے پتا ہے .....ایک جمعہ کے دن ہی تم سے باتیں ہو سکتیں ہیں---ورنہ تو---- تمھارے پاس ٹائی م ہی نہیں ہوتا----"لاریب بیگم نے اس بیچارے کے ارمانوں کو فل اسٹاپ لگایا تھا---بیچارا نہ چاہتے ہوئے بھی حرمین کو کچن میں اکیلا چھوڑ کر لاریب بیگم کے ساتھ باہر چلا گیا----

❀ ❀ ****________******* ❀ ❀

یہ لیں آپ کے ل ئی ے "زوہان نے دوکان سے واپسی پر حرین کو ڈائی جسٹ " پکڑاتے ہوئے کہا۔۔۔یہ دنیا کا سب سے انمول تحفہ تھا اس ناولز دیوانی کے ل ئی ے۔۔۔۔

کچھ لڑکیاں الگ ہوتی ہیں۔۔۔انھیں ہیرے جواہرات ۔۔۔مہنگے تحفے تحائف دیکھ کر بھی اتنی خوشی نہیں ہوتی جتنی خوشی صرف ایک ڈائی جسٹ کو دیکھ کر ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔

واقعی ۔۔۔یہ آپ میرے ل ئی ے لائی یں ہیں ؟؟" وہ خوشی سے اچھل کر " ڈائی جسٹ ہاتھ میں لیتے ہوئے بولی۔۔۔۔

جی بلکل آپ کے ل ئی ے۔۔۔ہمارے یہاں آپ کے علاوہ اور کون ڈائی جسٹ " پڑھتا ہے۔۔۔۔"زوہان کا تحفہ اس نے سینے سے لگا لیا تھا۔۔۔۔

" شکریہ زوہان بھائی ی ---آپ سچی گریٹ ہیں---"وہ مسرت سے بھرپور لہجے میں شکریہ ادا کر رہی تھی---

" سب ٹھیک ہے ---پر یہ بھائی ی کا لفظ بیچ میں کیوں آرہا ہے ؟؟" زوہان منہ ہی منہ بڑبڑایا تھا----اپنا سر کھجاتے ہوئے----

" آپ نے کچھ کہا "وہ زوہان کی جانب ابرو اچکاکر دیکھتے ہوئے استفسار کرنے لگی---

" ن---نہی--نہیں تو--کیوں ؟؟----کچھ سنا آپ نے ؟؟" وہ بوکھلاکر بولا----

" مجھے لگا آپ کچھ بول رہے ہیں ---چلیں فلحال شکریہ اتنے انمول تحفے کے ل ئے --"وہ شکر گزار نظروں سے اس کے وجود کو تکنے لگی----

ویلکم ۔۔۔۔۔تو بدلے میں مجھے ایک کپ چائے پینے کا شرف مل سکتا ہے آپ کے ساتھ ؟؟" چائے تو بہانا تھا ۔۔۔۔اس دیوانی کے ساتھ کچھ حسین لمحے گزارنے کا۔۔۔۔

ہمم۔۔۔۔تو آپ تحفے کی قیمت ادا کرنے کا کہہ رہے ہیں ؟؟۔۔۔"وہ ابرو اچکا کر گمبھیر لہجے میں سوچتے ہوئے گویا ہوئی ی۔۔۔۔

نہ بابا نہ ۔۔۔۔ہم تو بس ۔۔۔۔آپ کے ساتھ چائے پینے کا بہانا ڈھونڈ رہے ہیں ۔۔۔۔۔"زوہان بھی اسی کی طرز میں نہ بابا نہ بولا ۔۔۔۔۔تو حریم ۔۔۔۔اپنی ادا کو کوپی کرتا دیکھ بے اختیار ہسنے لگی۔۔

ہنستے ہوئے تو وہ حسنِ سراپا اور بھی دلکش معلوم ہورہی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

"آپ بہت کیوٹ لگ رہے ہیں قسم سے ----ایک بار پھر بولیں ---نہ بابا نہ---"وہ آنکھیں ٹم ٹماتے ہوئے زوہان کی نقل اتارتے ہوئے بولی----

"چائے پیلانے کا ارادہ ہے ؟؟---یا میں کمرے میں چلا جاؤں ؟؟؟" زوہان اس کے مزاق اڑانے پر جھیپ کر بات ٹالنے لگا--

وہ پانچ منٹ کا کہ کر کچن کی جانب لپکی-----

چائے لے کر اس کے کمرے میں پہنچی تو وہ واش روم میں تھا----

اس کی نظر بیڈ کی سائیڈ ٹیبل پر رکھی ڈائری پر پڑی---ناجانے دل میں کیا سمائی ی ----چائے کی ٹرے رکھ کر----- ڈائری اٹھاکر ----اسکے صحفے الٹنے لگی----اچانک

ڈائری میں سے ایک تصویر زمین بوس ہوئی ی ---اسے اٹھانے کے ل ئی ے جب نیچے بیٹھی تو مارے شاکڈ کے منہ کھل گیا----

وہ حرمین کے بچپن کی تصویر تھی----جس پر ایک لال مارکر سے ہارٹ بنایا ہوا تھا ---جس میں لکھا تھا ---آئی ی لو یو حرمین-----

وہ کچھ ثانیوں کے ل ئی ے ساکت ہوگ ئی ی تھی----

اچانک واش روم کا دروازہ کھلنے کی آواز کانوں کی سماعت سے ٹکرائی ی---تو وہ ہڑبڑاہٹ میں تصویر واپس ڈائری میں رکھ کر ----تیزی سے کمرے سے نکل گ ئی ی----

دل میں لڈو پھوٹ رہے تھے---- جتنی بار سوچتی کے زوہان اسے پسند کرتا ہے---اتنا ہی جھیپنے لگتی----اس کے گلابی گال مزید گلابی ہوجاتے----

حالت تو یہ تھی کے اس کی دی ہوئی ی ڈائی جسٹ کو دیکھ کر بھی حیا آرہی تھی------

"اللہ ---زوہان بھائی ی واقعی مجھے پسند کرتے ہیں؟؟؟ ---ہائے ئے----وہ تو کتنے ہینڈسم ہیں---بلکل ناولز کے ہیرو کی طرح----اور پیار کرنے کا انداز بھی بلکل ناولز کے ہیرو جیسا ہے---اللہ----مجھے تو آج خوشی کے مارے نیند بھی نہیں آئے گی---افف---اُو---تو ایسا محسوس کرتی ہوں گی ہیروینیں---جب انھیں علم ہوتا ہوگا کے ہیرو انھیں پسند کرتا ہے-----واقعی ایک جادوئی ی احساس ہے---دل کو گُد گُدانے والا-----آنکھوں میں ڈھیروں سپنے سجانے والا------پورے جسم میں ایک ن ئی ی و تازہ روح پھونک دینے والا----"وہ آئی ینے کے سامنے کھڑے ہوکر--- اپنے عکس کو دیکھ--- جھیپتے ہوئے کہ رہی تھی---

****_____*****

----ایک ہفتہ تو آنکھوں آنکھوں میں ہی گزر گیا۔---ان کی واپسی کا وقت ہوگیا تھا---زوہان ابھی تک دوکان سے نہیں لوٹا تھا۔---وہ جانے سے پہلے ایک بار دیدار کرنا چاہتی تھی---

بہت دیر تک-- اپنے سیل نہ ملنے کا بہانا بنا کر اس نے زوہان کا انتظار کیا--

دوسری طرف ----

زوہان کی بائیک راستے میں خراب ہوگ ئی ی تھی۔---جس وجہ سے وہ بیچارہ خود بہت پریشان تھا۔---بائیک کو مکینک کے پاس چھوڑ کر ----وہ رکشے میں گھر واپس آرہا تھا---

بھائی ی ذرا جلدی چلاؤ ناں ---"وہ رکشے والے سے التجائی انداز میں گویا ہوا--- "

ایک ایک لمحہ دل دعاگو تھا کے حرمین سے آخری ملاقات ہوجائے----

وہ تڑپتے دل کے ساتھ ہی رہ گیا تھا---کیونکے اسے جانے سے پہلے دیکھنے کی خواہش اب ممکن نہ تھی-----

دوسری طرف حرمین اس کی دی ہوئی ی ڈائی جسٹ کو سینے سے لگاکر اپنے ساتھ لے گ ئی ی تھی----

کاش ---میں آپ سے اپنے دل کی بات کر پاتا ---آپ کو بتا پاتا ---کتنا دیوانا ہوں " آپ کا---پر شاید ---ابھی میری قسمت میں انتظار ہے ----"وہ افسردگی سے کہ کر اپنے کمرے کی جانب چل دیا تھا----

****____****

سب بیٹھ کر ڈائننگ ٹیبل پر ناشتہ کر رہے تھے۔۔۔سوائے زوہان کے ۔۔۔جو سب کے لئے روزانہ کی طرح کچن میں کھڑا ہوکر ناشتہ بنارہا تھا۔۔۔۔

"برخوردار بیٹھ جاؤ ۔۔۔مجھے تم سے اک ضروری بات کرنی ہے۔۔۔"احد صاحب اسے دیکھ کہنے لگے۔۔۔

"جی ابو۔۔۔بس سب کے لئے چائے لے آؤں ۔۔۔پھر بیٹھتا ہوں۔۔۔"کہتا ہوا وہ کچن کی جانب لپکا تھا۔۔۔

"تو برخوردار ۔۔۔میں سوچ رہا ہوں ۔۔۔۔تمھاری کچھ ذمہ داریاں کم کردوں۔۔۔"

"جی ؟؟---وہ کیسے ؟؟" زوہان احد صاحب کی بات سمجھ نہ سکا تھا---جبکہ سدرہ بیگم کا دماغ یہ سنتے ہی تیزی سے چلنا شروع ہوگیا تھا----

"تمھاری شادی کر کے----"وہ مسکراتے ہوئے بولے----"کوئی ی لڑکی ہے نظر میں ؟؟---"وہ ابرو اچکاکر تجسس سے استفسار کررہے تھے----

"ہے ----بلکل ہے----میں حریمین سے شادی کرنا چاہتا ہوں ابو---"زوہان کا چہرہ اس سوال پر کھل اٹھا تھا---اس نے فورا ہی اپنی دلی خواہش کا اظہار اپنے والد کے سامنے کر دیا تھا---

"حریمین---وہ تو پڑھی لکھی ہے---اوپر سے اس کی زبان تو قینچی کی طرح چلتی ہے---گھر میں آتے ہی اپنا حملہ پہلہ کر لے گی----میری سالوں کی محنت پر پانی پھیر

دے گی وہ لڑکی۔۔۔میں نے زوہان کو پانچویں سے آگے اسی لئے نہیں پڑھنے دیا۔۔۔کیونکے پڑھ لکھ کر وہ اپنے باپ کا سارا کاروبار اپنے ہاتھ میں لے لیتا۔۔۔اور میرے دونوں بیٹے خالی ہاتھ رہ جاتے۔۔۔"سدرہ بیگم دل ہی دل پریشان ہوگئیں تھیں۔۔۔

"حریمن۔۔۔واہ ۔۔۔میرے بیٹے ۔۔۔۔دل خوش کردیا۔۔۔میری بھی یہی آرزو تھی کے حریمن میری بڑی بہو بنے ۔۔۔"وہ مسرت بھرے لہجے میں سدرہ بیگم کو دیکھ کر گویا ہوئے ۔۔۔جو اس لمحے مصنوعی مسکراہٹ لبوں پر سجانے لگیں۔۔۔

"بیٹا۔۔۔بہت اچھی پسند ہے تمھاری۔۔۔"وہ زوہان سے اپنی جھوٹی خوشی کا اظہار کرنے لگیں۔۔۔جسے بھولا زوہان سمجھ نہ سکا۔۔۔

سدرہ بیگم نے ایک رات کو ---لاریب بیگم کو طبعیت پوچھنے کے بہانے کال کی---اور باتوں ہی باتوں میں ان سے کہا---کے احد صاحب زوہان کا رشتہ حریمن کے ل ئ ے لانا چاہ رہے ہیں---لیکن مجھے ڈر ہے کہیں ایسا نہ ہو کے میں حریمن کو اپنی بہو بناکر یہاں لاؤں---اور زوہان جو یہ ضد پکڑے بیٹھا ہے کے وہ اپنی ماں کے پاس جانا چاہتا ہے ----

کہیں وہ حریمن کو اس گھر میں اکیلا چھوڑ کر اپنی ماں کے پاس چلا گیا تو ----پھر میں کیا کرؤں گی-----

یہ بات لاریب بیگم کو کافی پریشان کر گ ئ ی----انھوں نے یہ بات فورا ہی اپنے ہسبینڈ )عدنان (سے ش ئ یر کی-----

*****____*****

تھوڑے دن بعد زوہان کا رشتہ لے کر سدرہ بیگم اور احد صاحب لاریب بیگم کے گھر پہنچے-----

لاریب بیگم تو خوشی خوشی راضی ہوگ ئی یں مگر عدنان صاحب نے زوہان کے رشتے سے صاف انکار کردیا-------

احد صاحب کافی دیر تک اصرار کرتے رہے---

"یہ رشتہ میں صرف اسی شرط پر قبول کرؤں گا---جب آپ مجھے زبان دیں---- کے زوہان ہمیشہ آپ کے پاس رہے گا---اپنی پہلی ماں کے پاس نہیں جائے گا---اور نہ ہی اس عورت سے کوئی ی رابطہ رکھے گا----"

اس شرط کو سنتے ہی سدرہ بیگم کے چہرے پر شیطانی مسکراہٹ بکھری تھی----

" آپ بے فکر رہیں---زوہان میرا بیٹا ہے---اور میں اسے ہمیشہ اپنے ساتھ رکھوں گا---وہ بھلا کیوں اس عورت کے پاس جانے لگا--------"احد صاحب نے پُراعتماد انداز میں جواب دیا----

" حرین منہ میٹھا کرؤ---تمھاری منگنی زوہان بھائی ی سے ہوگ ئی ی ہے----"شعیب نے پوری ایک گلاب جامن اس کے منہ میں ڈالتے ہوئے یہ خوش خبری سنائی ی------

حرین کے چہرے سے خوشی کے جام بٹ رہے تھے----

"آج میں اوپر۔۔۔آسماں نیچے۔۔۔۔"وہ بیڈ پر چڑھ کر زور زور سے اپنی بے سریلی آواز میں گانے لگی۔۔۔۔

"ارے ۔۔۔شرم کر لڑکی۔۔۔۔تیری سسرال والے نیچے بیٹھے ہیں ۔۔۔اور تو یہاں بیڈ پر چڑھ کر گلا پھاڑ پھاڑ کر گانے گاہ رہی ہے۔۔۔۔"لاریب بیگم نے اس کا ہاتھ کھینچ کر اسے بیڈ سے اتارتے ہوئے۔۔۔۔۔ ڈپٹتے والے انداز میں کہا۔۔۔

لیکن آج اس منچلی کو ۔۔لاریب بیگم کی ڈانٹ بھی کانوں میں رس گھولتی ہوئی ی محسوس ہورہی تھی۔۔۔۔۔۔

"ارے اماں۔۔۔آج تو تم جوتی بھی مارو گی تو میں خوشی خوشی کھا لوں گی۔۔۔۔۔"وہ مسکراتے ہوئے لاریب بیگم کی گردن میں اپنی دونوں باہیں ڈالتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔

جس پر آج وہ مسکرا دیں---

تجھے اچھا لگتا ہے ناں زوہان ؟؟" لاریب بیگم بڑے پیار سے پوچھ رہی تھیں---

" اماں اتنی پیاری پیاری باتیں تم پر نہیں جچتیں---خاص طور پر تمھارا یوں محبت سے بولنا---اللہ---ہضم نہیں ہورہا مجھ سے----تم وہی ڈانٹتی ڈپٹتی اچھی لگتی ہو---تمھارا کردار ایسا ہی بنایا ہے حُسنِ کنول نے----اور سچ پوچھو تو---مجھے ایسے ہی اچھا لگتا ہے---"وہ اپنی ماں کا گال چومتے ہوئے محبت سے چور لہجے میں بولی----

" اماں --اس پیارے سے لمحے کو میں کیمرے میں قید کرلیتا ہوں---رکو--"شعیب نے کہ کر اپنا سیل جیب سے نکالا تھا----

لاریب بیگم سے لگ کر شعیب نے مسکراتے ہوئے تینوں کی تصویر بنائی ی----

زوہان کو شرط والی بات بتانے سے سدرہ بیگم نے منع کر دیا تھا۔۔۔اس ل ئی ے احد صاحب نے اسے کچھ نہ بتایا۔۔۔۔

****_____****

وہ اپنے کمرے میں بیٹھا حرمین کی تصویر دیکھ۔۔۔ دل ہی دل خوش ہورہا تھا۔۔۔اسے یقین نہیں آرہا تھا کے حرمین جسے بچپن سے اس نے چاہا تھا۔۔۔وہ اب اس کی منگیتر ہے۔۔۔۔۔۔اور بہت جلد اسکی جیون ساتھی ہوگی۔۔۔۔ابھی وہ انہی سوچوں میں کھویا کھویا سہ تھا کے سدرہ بیگم دروازہ کھول کر کمرے میں داخل ہوئی یں۔۔۔۔

تم یہاں آرام کر رہے ہو ---اور وہاں دودھ پک پک کر نکل رہا ہے---کوئی ی ” ہوش ہے تمھیں---- نہیں پکانا تھا تو مجھے بتا دیتے ---میں بیماری کی حالت میں بھی کھڑی ہو کر پکا لیتی----“وہ نہایت غصیلے انداز میں بھپر کر کہہ رہی تھیں----

امی ----سوری ---مگر ---ایسا کیسے ہو سکتا ہے؟؟؟---میں نے خود دودھ میں ” ابال آنے کے بعد چولھا بند کردیا تھا----“وہ الجھ کر بولا----

“تو تم کہنا چاہ رہے ہو میں جھوٹ بول رہی ہوں ؟؟---- ”

نہیں امی ---میں نے ایسا کب کہا----“وہ فوراً ہی صفائی ی پیش کرنے لگا---- ”

تم آج مجھے جھوٹا کہہ رہے ہو---سوری زوہان ----میں نے تو تمھیں ہمیشہ اپنا بیٹا ” سمجھا ---مگر تم نے آج ثابت کردیا---تم اس گھٹیا عورت کی اولاد ہو----جو تمھارے

باپ کو ایک امیر آدمی کے ل ئ ے چھوڑ کر چلی گ ئ ی تھی۔۔۔ تم بھی اسی کی طرح ہو ۔۔۔احسان فراموش کہیں کے۔۔۔"وہ چبا چبا کر زہر کے تیر برسا رہی تھیں۔۔۔۔۔جو زوہان کی روح تک کو چھلنی کر گ ئ ے تھے۔۔۔۔۔

امی۔۔۔۔میں نے جب سے ہوش سمبھالا ہے۔۔۔ہمیشہ آپ کو اپنی ماں سمجھا ہے۔۔۔۔آپ کے ہر حکم پر آنکھیں بند کر کے لبیک کہا ہے۔۔۔۔آپ نے اسکول چھڑوایا۔۔۔۔میں نے چھوڑ دیا۔۔۔۔آپ نے کہا۔۔۔الگ کاروبار شروع کرؤ۔۔۔۔میں نے بغیر ابو کی مدد کے۔۔۔اپنی تھوڑی سی جمع پونجی سے اپنی ایک چھوٹی سی دوکان کھول لی۔۔۔۔ ابو نے تو اتنی بار کہا کہ میرے ساتھ آ کر کام کرو لیکن میں نے صرف آپ کی وجہ سے کبھی ان کے ساتھ کاروبار کرنے کی حامی نہیں بھری اور میں نے کبھی آپ سے اس کی وجہ بھی نہیں پوچھی۔۔۔جبکے میں جاننا چاہتا تھا۔۔۔۔آپ کیوں نہیں چاہتیں کہ میں ابو کے ساتھ کاروبار کروں؟؟۔۔۔۔۔۔فلحال نہ میں نے کبھی پہلے آپ سے کوئی ی سوال کیا۔۔۔نہ اب کروں گا۔۔۔۔پر پلیز۔۔۔۔مجھے آئ یندہ یہ طعنہ نہ دیجئے گا

----"زوہان کی والدہ نے احد صاحب سے طلاق لے کر ایک امیر آدمی سے دوسری شادی کر لی تھی---وہ زوہان کو چھوٹی سی عمر میں ہی احد صاحب کے پاس چھوڑ کر چلی گ ئی یں تھیں-----

زوہان نے جب سے ہوش سمبھالا تھا سدرہ بیگم کو ہی اپنی ماں کے روپ میں دیکھا تھا----

